# سالانہ عمومی اجلاس کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا مطّلع کِیا جاتا ہے کہ **ایم سی بی انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ** کے سالانہ عمومی اجلاس (اے جی ایم) کا انعقاد بروز **منگل**، مؤرخہ **28 اکتوبر 2025ء**، **بوقت صبح 11:30 بجے**، بمقام سفائر ہال، رمادا کریک، **ذوالفقار اسٹریٹ 1، ڈی ایچ اے فیز VIII، کراچی، پاکستان**، میں اور بیک وقت الیکٹرانک ذریعے / ویڈیو لِنک سہولت سے ہوگا، جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیرِ غور لائے جائیں گے:

**عمومی معاملات:**

1. گزشتہ اے جی ایم منعقدہ 28 اکتوبر 2024ء کے منٹس کی تصدیق
2. 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں بمع ڈائریکٹرز رپورٹ اور آڈیٹرز رپورٹ کو وصول کرنا، ان کو زیرِ غور لانا اور اختیار کرنا

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223 کے تحت 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے اور اسے مندرجہ ذیل لِنک / کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کِیا جا سکتا ہے:

3. 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق حتمی نقد ڈیویڈنڈ کا اعلان اور اس کی منظوری، جو 35 فیصد ہے، یعنی 10 روپے والے عام شیئر پر فی شیئر 3.5 روپے
4. 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے خارجی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعیّن

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے خارجی آڈیٹرز کے طور پر M/s اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی تقرری کی تجویز پیش کی ہے۔

**کوئی اور معاملہ**

5. چیئر کی اجازت سے کوئی اور معاملہ زیرِ غور لانا

بحکم بورڈ

محمد ریحان خان
کمپنی سیکریٹری

06 اکتوبر 2025
کراچی

## اہم اطلاعات

### 1. ظاہری حاضری یا ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت

کمپنی اس اے جی ایم کو کم سے کم ظاہری میل جول کے ساتھ لیکن کورَم یعنی کم سے کم مطلوبہ حاضری کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے منعقد کرنا چاہتی ہے، اور ارکان سے گزارش ہے کہ اے جی ایم میں پراکسیوں کے ذریعے اپنی حاضری اور ووٹنگ کو یکجا کریں۔

جو اَرکان اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لِنک سہولت شرکت کرنا چاہتے ہیں اُن سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنا نام، فولیو نمبر/پارٹسپنٹ کا شناختی نمبر، موبائل فون نمبر اور سی این آئی سی / پاسپورٹ نمبر، بمع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی دونوں جانب کی درست کاپی کے ساتھ agm@mcbfunds.com پر ای میل کریں جس کا subject یہ لکھیں "Registration for MCBFUNDS AGM"۔

ویڈیو لِنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف اُن اَرکان کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میل بمع تمام مطلوبہ کوائف اے جی ایم کے وقت سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں گی۔

ارکان اے جی ایم کے ایجنڈا میں شامل اُمور کے بارے میں اپنی رائے اور اپنے سوالات بھی agm@mcbfunds.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

| نام رُکن | سی این آئی سی نمبر / پاسپورٹ نمبر | فولیو / سی ڈی ایس نمبر | موبائل فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

لاگ اِن کی سہولت اجلاس شروع ہونے سے تیس منٹ قبل فراہم کی جائے گی اور شرکاء شناخت کا عمل مکمل ہونے کے بعد اجلاس میں شامل ہو سکیں گے۔

ارکان شناخت اور تصدیق کی تمام مطلوبہ رسمی کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد اپنے آلات کے ذریعے اے جی ایم میں لاگ اِن ہو کر شرکت کر سکیں گے، اور اَرکان کی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ اے جی ایم میں شامل ہو کر پراکسیوں کے ذریعے اپنی حاضری اور ووٹنگ کو یکجا کریں۔

### 2. شیئر ٹرانسفر بُک بند ہونے کی اطلاع

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر یعنی حصص کی منتقلی کی بُک س بُدھ، 22 اکتوبر 2025ء سے منگل، 28 اکتوبر 2025ء تک (بشمول دونوں دِن) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کے جو آرڈر ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 تک منگل، 21 اکتوبر 2025ء کو اوقاتِ کار (شام 5:00 بجے) کے اختتام تک موصول ہو جائیں گے وہ شیئر ہولڈرز کے اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ کرنے کے استحقاق کے تعیّن کے لیے بروقت شمار ہوں گے۔

### 3. پراکسی کی تقرری اور اے جی ایم میں شرکت

جس رُکن کو اے جی ایم میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ کرنے کا حق ہے اُسے کسی اور شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرنے کا بھی حق حاصل ہے جو اُس کی جانب سے شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ کرے گا۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا رُکن ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی کو پول یعنی رائے دہی کا مطالبہ کرنے، مطالبے میں شامل ہونے، اور رائے دہی میں ووٹ کرنے کا حق ہے۔

پراکسی کی تقرری والی دستاویز کے ساتھ پاور آف اٹارنی یا کوئی اور اختیاری دستاویز جس کے تحت اس پر دستخط ہوئے ہیں، حسبِ حال، یا مذکورہ دستاویزات کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی، اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائی جانی چاہیے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولیشن / پاور آف اٹارنی اور نمونہ دستخط جمع کرائی جائے (اگر پہلے نہ کرائی گئی ہو تو)۔

پراکسی فارم انگریزی اور اُردو زبان میں منسلک ہے۔

کاغذی شیئرز اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے پاس جمع کرائے گئے شیئرز کے استفادی مالکان اور/یا ان کے پراکسیوں کو اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے عمل کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ارکان سے گزارش ہے کہ اپنی تفصیلات بمع نام، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈریس اور رابطہ نمبر کمپنی کے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400، کے پاس درج کرا دیں۔

### 4. ڈاک کے ذریعے ووٹ / ای - ووٹنگ

ایجنڈا اُمور کے مقصد کے لیے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط، ارکان کو ڈاک کے ذریعے ووٹ کرنے یا ای - ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، اور اس ضمن میں مذکورہ قوانین میں بیان کردہ طریقے اور شرائط کی تعمیل کی جائے گی۔

### 5. ویڈیو- کانفرنس سہولت

جو ارکان کُل اداشدہ کیپٹل کے 10 (دس) فیصد کے حامل ہیں اور کسی اور شہر میں مقیم ہیں، وہ اگر اے جی ایم میں بذریعہ ویڈیو- کانفرنس شرکت کرنے کا مطالبہ کریں، اور یہ مطالبہ تحریری طور پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل کمپنی میں جمع کرائیں، تو کمپنی یہ سہولت فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

**ویڈیو- کانفرنس سہولت کے لیے رضامندی**

میں/ہم، ____________، **ایم سی بی انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ** کے رُکن کی حیثیت سے، حامل عمومی شیئر (ز) بمطابق رجسٹر فولیو/ سی ڈی سی پارٹسپنٹ اور ذیلی اکاؤنٹ/ اِنویسٹر اکاؤنٹ نمبر ____________، بذریعہ ہٰذا سالانہ عمومی اجلاس منعقدہ 28 اکتوبر 2025ء، یا اس کے اِلتواء شدہ اجلاس میں، بذریعہ ویڈیو- کانفرنس سہولت بمقام ____________ (شہر کا نام) شرکت کرنے کا انتخاب کر رہا ہوں/ رہی ہوں/ رہے ہیں۔

تاریخ: ____________ دستخط رُکن: ____________

### 6. دُرست سی این آئی سی کا پیاں جمع کرانے کی اطلاع (لازمی)

جن ارکان نے تا حال اپنے دُرست سی این آئی سی کی کاپیاں جمع نہیں کرائی ہیں اُن سے گزارش ہے کہ جلد از جلد براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فولیو نمبر کے ساتھ جمع کرا دیں۔

### 7. ارکان کے پتے میں تبدیلی

ارکان سے گزارش ہے کہ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مُطّلع کریں۔

### 8. کاغذی شیئرز کی بُک-اینٹری شکل میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور ایس ای سی پی کے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021ء کی تعمیل میں لسٹڈ کمپنیوں کو اُن کے جاری کردہ موجودہ کاغذی شیئرز کو بُک-اینٹری شکل میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ کمپنی کے جن شیئر ہولڈرز کے پاس کاغذی فولیوز/ شیئر سرٹیفکیٹس ہیں اُن سے گزارش ہے کہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو کاغذی شکل سے بُک-اینٹری شکل میں تبدیل کرا لیں۔

کاغذی شیئرز کو بُک-اینٹری شکل میں تبدیل کرانے سے شیئر ہولڈرز کو متعدد فوائد حاصل ہوں گے، مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز کی فوری خرید و فروخت کے لیے بآسانی میسّر مارکیٹ، نقصان اور ضیاع کے خطرے کا خاتمہ، اور کاغذی شیئرز کے مقابلے میں آسان اور محفوظ منتقلی جس میں کم رسمی کارروائیاں درکار ہوتی ہیں۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کاغذی شیئرز کو بُک-اینٹری شکل میں تبدیل کرانے کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار [یعنی M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ] سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 9. نقد ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ذریعے سے ادائیگی (لازمی ضرورت)

کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے تحت ہر لِسٹڈ کمپنی کے لیے لازم

لازم ہے کہ وہ اپنے ارکان کو ڈیویڈنڈ، اگر ہے تو، الیکٹرانک ذریعے سے ادا کرے اور اس کی صورت یہ ہے کہ اُن کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست جمع (کریڈٹ) کرائے۔ جن ارکان نے اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہوں گی، کمپنی اُن کے ڈیویڈنڈ روک لینے کی پابند ہوگی۔
ارکان کے لیے ضروری ہے کہ وہ نام، فولیو نمبر، مکمل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور اکاؤنٹ کے نام سے متعلق تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی درخواست براہِ راست اپنے بروکر (پارٹسپنٹ) / سی ڈی سی کے پاس جمع کرائیں۔
جن شیئر ہولڈرز نے تاحال اپنا IBAN فراہم نہیں کیا ہے اُس سے دوبارہ گزارش ہے کہ ''الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم'' پُر کر کے، اس پر دستخط کر کے، دُرست سی این آئی سی کی کاپی کے ساتھ، اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹسپنٹ / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (بک - انٹری شکل میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL)، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 (کاغذی شکل میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کے پاس جمع کرائیں۔
ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں دستیاب ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

**10. ڈیویڈنڈ کی رقم سے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی، اِنکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے تحت (لازمی)**

اِنکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں میں سے اِنکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں مندرجہ ذیل ہیں:

a) جن افراد کا نام متحرّک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں شامل ہے: 15 فیصد
b) جن افراد کا نام متحرّک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں شامل نہیں ہے: 30 فیصد

نقد ڈیویڈنڈ کی رقم سے 15 فیصد کی شرح پر ٹیکس کی کٹوتی اُن افراد کے لیے ہے جن کا نام فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (ایف بی آر) کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر موجود متحرّک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں منگل، 21 اکتوبر 2025ء کو اوقاتِ کار کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک شامل ہو جائے گا، ورنہ 30 فیصد کی شرح کا اطلاق ہوگا۔
مزید براں، ایف بی آر کی جانب سے موصول وضاحت کے مطابق مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں بنیادی شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر (ز) کی 'فائلر / Non فائلر' حیثیت پر، علیحدہ علیحدہ، ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر وِدہولڈنگ ٹیکس کا تعیّن کیا جائے گا۔
مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ تک منگل، 21 اکتوبر 2025ء کو اوقاتِ کار کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک پہنچ جانی چاہئیں، ورنہ یہ سمجھا جائے گا کہ شیئرز بنیادی شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر (ز) کے درمیان برابر برابر تقسیم ہیں۔
اس ضمن میں اُن تمام شیئر ہولڈرز سے جو مشترکہ طور پر شیئرز کے حامل ہیں گزارش کی جاتی ہے کہ بنیادی شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر (ز) کا شیئر ہولڈنگ تناسب ہمارے شیر رجسٹرار کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل صورت میں فراہم کریں:

| فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کُل تعداد | بنیادی شیئر ہولڈرز | | مشترکہ ہولڈر (ز) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

جن کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کے سی ڈی سی اکاؤنٹس ہیں اُن کے لیے ضروری ہے کہ اپنے متعلقہ پارٹسپنٹس کو اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) فراہم کریں، جبکہ کارپوریٹ کاغذی شیئر ہولڈرز کمپنی یا شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی جمع کرائیں۔ دونوں صورتوں میں کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبر ضرور درج کریں۔

کسی سوال/مسئلے/معلومات کے لیے سرمایہ کار کمپنی اور/یا شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل فون نمبر اور ای میل ایڈریس کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں:

کمپنی: ایم سی بی اِنویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ
یواے این: 24-622-11-11 ای میل: info@mcbfunds.com

شیئر رجسٹرار: سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
فون نمبر: 0800-23275 ای میل: info@cdcsrsl.com

**11. غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ**

جو شیئر ہولڈرز کسی بھی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ، اگر ہے تو، وصول نہ کر سکے ہوں اُن کو تاکید کی جاتی ہے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں اور اپنے غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ، اگر ہے تو، کے بارے میں معلومات کریں اور اسے وصول کریں (فارم ضمیمہ "A" کے طور پر منسلک ہے)۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کے مطابق ایسے تمام ڈیویڈنڈ جو اپنی تاریخِ اجراء سے 3 سال یا اس سے زیادہ مدّت کے لیے واجبُ الوصول ہوں گے اُن کو کمپنی مقررہ طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد وفاقی حکومت کے پاس جمع کرا دے گی۔

**12. آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ویب سائٹ پر دستیابی**

کمپنی کی سالانہ رپورٹ (سالانہ مالیاتی گوشواروں پر مشتمل) برائے سال مختتمہ 30 جون 2025ء کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbfunds.com پر دستیاب کر دی گئی ہے۔

**13. سالانہ رپورٹ 2025ء اور اے جی ایم کی اطلاع کی تشہیر**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (6)223 اور ایس آر او 2025/(I)452 مؤرخہ 17 مارچ 2025ء کے ضمن میں کمپنی کو اجازت ہے کہ وہ مالیاتی گوشوارے اور رپورٹس اپنے ارکان کو الیکٹرانک شکل میں بھیجے، اور اس مقصد کے لیے کوئی واضح رضامندی حاصل کرنا بھی ضروری نہیں ہے۔
اے جی ایم کی اطلاع بشمول QR سے چلنے والا کوڈ اور ویب لِنک جس کے ذریعے سالانہ رپورٹ 2025ء تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے اور اسے ڈاؤن لوڈ کِیا جا سکتا ہے، اُن شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل روانہ کی جا چکی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ہیں، اور ان کے علاوہ دیگر شیئر ہولڈرز جن کے ای میل ایڈریس دستیاب نہیں ہیں اُن کو ڈاک کے ذریعے اُن کے رجسٹرڈ پتے پر روانہ کی جا چکی ہے۔
جو شیئر ہولڈرز سالانہ رپورٹس اور عمومی اجلاسوں کی اطلاعات بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں اُن سے گزارش ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے ای میل ایڈریس درج کرا دیں۔

**14. شیئر ہولڈرز کو تحفے دینے کی ممانعت**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 185 اور ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ ایس آر او 2025/(I)452 مؤرخہ 17 مارچ 2025ء کی تعمیل میں بذریعہ ہٰذا مُطلّع کِیا جاتا ہے کہ اے جی ایم میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی قسم کے تحائف کسی بھی شکل میں نہیں دیئے جائیں گے۔

------------------

ضمیمہ A

بخدمت

**سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ**

سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شاہراہِ فیصل،

کراچی

**عنوان: نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے بینک اکاؤنٹ تفصیلات**

محترم متعلقہ افسر

میں، ________________________ ، حامل سی این آئی سی نمبر ____________________ ، **ایم سی بی انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ**

کا/ کی شیئر ہولڈر ہوں اور اپنی شیئر ہولڈنگ اور اپنے بینک اکاؤنٹ کے بارے میں مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر رہا/رہی ہوں۔

| **شیئر ہولڈر کی تفصیلات** | |
|---|---|
| نام | |
| شیئرز کی تعداد | |
| فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| سی این آئی سی نمبر | |
| موبائل فون نمبر | |
| لینڈ لائن نمبر، اگر کوئی ہے تو | |
| ای میل ایڈریس (لازمی) | |

| **بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات** | |
|---|---|
| نام بینک اکاؤنٹ | |
| انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) ''لازمی'' | PK________________________ (24 digits) |
| بینک کا نام | |
| برانچ کا نام | |
| برانچ کا پتہ | |

میں بیان کر رہا/رہی ہوں کہ مذکورہ بالا معلومات درُست ہے، اور اس میں کسی تبدیلی کی صورت میں مَیں فوری طور پر پارٹسپنٹ/ شیئر رجسٹرار کو مُطّلع کروں گا/ گی۔

مُخلِص

____________________

شیئر ہولڈر

تاریخ: ________________

**منسلک:** سی این آئی سی کی فوٹو کاپی

**نوٹ:** برائے مہربانی پُر شدہ اور دستخط شدہ فارم درُست سی این آئی سی کی قابلِ فہم فوٹو کاپی کے ساتھ درج ذیل کے پاس جمع کرائیں:

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400، پاکستان